# 21195 ـ لیٹرین میں جماع کرنے کا حکم

**سوال**

کیا مرد کےلیےجائز ہے کہ اوپر کپڑا لیے بغیراپنی بیوی سے ہم بستری کرلے ، اور کیا لیٹرین میں ہم بستری کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں مرد کے لیے بغیر کپڑا لیے اپنی بیوی سے ہم بستری کرنا جائز ہے ، اوراسی طرح لیٹرین میں بھی جماع کرنا جائز ہے ، لیکن ایسا کرنے میں کئی قسم کی مخالفات مرتب ہونگي :

شائد کہ آپ کے علم میں جب مرد اپنی بیوی سے ہم بستری کرنا چاہے تو سنت ہے کہ وہ یہ دعا پڑھے :

( بسم الله ، اللهم جنبنا الشيطان وجنب الشيطان ما رزقتنا ) اللہ تعالی کے نام سے ، اے اللہ ہمیں شیطان سے دوررکھ اور جوکچھ ہمیں عطا کرے اس سے بھی شیطان کودور رکھ ۔

اورشائد آپ کے علم میں یہ بھی ہوکہ قضائے حاجت والی جگہ پر اللہ تعالی کاذکر صحیح نہیں ، توجوشخص لیٹرین میں یہ کام کرے گا وہ کس طرح یہ دعا پڑھے گا ؟ لیکن اگر وہ وہاں سے باہر نکلے اوردعا پڑھ کرپھر وہاں داخل ہوجائے ۔

واللہ اعلم .